قائداعظم ٹرافی سیکنڈ الیون ٹورنامنٹ کا چھٹاراؤنڈ مکمل

- سدرن پنجاب اور بلوچستان کے درمیان میچ ڈرا
- خیبرپختونخوا کے اسپنر آصف آفریدی کے 7 شکار بھی سندھ کے خلاف میچ کو نتیجہ خیز نہ بناسکے
- سنٹرل پنجاب کے عبداللہ شفیق کی ناقابل شکست ڈبل سنچری

لاہور،30 اکتوبر 2019ء:

این بی پی اسٹیڈیم کراچی میں سدرن پنجاب اور بلوچستان کے درمیان میچ بے نتیجہ ختم ہوگیا۔ تیسرے روز بغیر کسی نقصان کے 36 رنز سے کھیل کا دوبارہ آغاز کرنے والی سدرن پنجاب کی ٹیم نے دوسری اننگز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 319 رنز بنائےتھے کہ میچ کے لیے مقررہ وقت ختم ہوگیا۔ مختار احمد نے 8 چوکوں اور 2 چھکوں کی مدد سے 94 رنز کی اننگز کھیلی۔ آغا سلمان 61 اور محمد محسن 54 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ بلوچستان کےاسپنر جلات خان نے میچ میں 5 وکٹیں حاصل کیں۔ اس سے قبل بلوچستان کی ٹیم سدرن پنجاب کے 363رنز کے جواب میں پہلی اننگز میں9وکٹوں کے نقصان پر 345 رنزہی بناسکی تھی۔بلوچستان کے مڈل آرڈر بلے باز اکبرالرحمٰن نے16چوکوں کی مدد سے142 رنز کی شاندار اننگز کھیلی۔

یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس کراچی میں خیبرپختونخوا اور سندھ کے درمیان تین روزہ میچ ڈرا ہوگیا۔ 190 رنز کے تعاقب میں خیبرپختونخوا کی ٹیم مقررہ وقت میں 1 وکٹ کے نقصان پر 10 رنز ہی بناسکی۔ 5رنز کے خسارے سےدوسری اننگز کا آغاز کرنے والی سندھ کی ٹیم میچ کے آخری روز 75ویں اوور میں 194 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔اوپنر جاہد علی 68 رنز بنا کر ٹاپ اسکور ررہے۔انہوں نے پہلی اننگز میں سنچری اسکور کرنے والے عماد عالم کے ہمراہ 67 رنز کی شراکت قائم کی۔ خیبرپختونخوا کی جانب سے اسپنر آصف آفریدی نےمیچ میں 7 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ہدف کے تعاقب میں خیبرپختونخوا نے 2 اوورز میں 1وکٹ کے نقصان پر 10 رنز بنائے تھے کہ میچ کے لیے

مقررہ وقت ختم ہوگیا۔ اس سے قبل سندھ کے 278رنز کے جواب میں خیبرپختونخوا کی پوری ٹیم پہلی اننگز میں283 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی تھی۔

ایل آر سی اے اتفاق گراؤنڈ لاہورمیں سنٹرل پنجاب اور ناردرن کے درمیان میچ بے نتیجہ ختم ہوگیا۔ 38 رنز کی سبقت سے دوسری اننگز کا آغاز کرنے والی سنٹرل پنجاب کی ٹیم کے اوپنر عبداللہ شفیق نے ناقابل شکست ڈبل سنچری اسکور کی۔ میچ کے آخری روز ناردرن کی پوری ٹیم 362 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ سنٹرل پنجاب کی جانب سے وقاص مقصود نے 4 اور احمد صفی عبداللہ نے 3 وکٹیں حاصل کیں۔ جواب میں سنٹرل پنجاب کے بلے بازوں نے دوسری اننگز میں بھی شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا۔ عبداللہ شفیق اور محمد اخلاق پر مشتمل اوپننگ جوڑی نے ٹیم کو 167 رنز کا آغاز فراہم کیا۔ عبداللہ شفیق نے 205 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ محمد اخلاق 67 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے۔ میچ کے اختتام پر سنٹرل پنجاب نے69اوورز میں 1 وکٹ کے نقصان پر 331 رنز بنائے۔ اس سے قبل سنٹرل پنجاب کی ٹیم نے پہلی اننگز میں مقررہ 83 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 400 رنز بنائے تھے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk